## سوال

Salafi

## جواب

اپنے آپ کو سلفی کہنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ہم اپنے آپ کو سلفی کہہ سکتے ہیں، اور کیا عرب علماء میں سے کسی نے اپنے آپ کو سلفی کہا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ درحقیقت ایک نسبت ہوتی ہے کہ انسان اپنے آپ کو سلف صالحین کی طرف منسوب کرتا ہے۔ اور اگر کوئی واقعی اپنی اس بات میں سچا ہے کہ وہ سلف صالحین کی اتباع کرتا ہے تو اپنے آپ کو سلفی کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ سلف صالحین قرآن وحدیث کے متبع تھے۔ شیخ ابن باز کا یہی موقف ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص یہ لقب اختیار کر کے لوگوں کو دھوکہ دیتا ہے یا وہ سلف صالحین کے منہج پر کاربند نہیں ہے تو ایسے شخص کے لئے اس طرح کرنا جائز نہیں ہے۔ (ماخوذ من محاضرۃ مسجلۃ بعنوان : "حق المسلم"، فی 16/1/1413 بالطائف) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث